سوال

(778)ایک کام شروع کیا تھا۱۹۹۳ء میں لیکن ابھی تک مکمل نہیں ہوسکا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک کام شروع کیا تھا۱۹۹۳ء میں لیکن ابھی تک مکمل نہیں ہوسکا کام کرنے کا ارادہ پورا ہے لیکن جب بھی کوشش کرتا ہوں ناکامی ہوتی ہے بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ کسی نے جادو کیا ہوا ہے اس لیے آپ کامیاب نہیں ہورہے کام شرعی ہے کوئی غیر شرعی بات نہیں اصل میں ۱۹۹۳ء میں میں نے F.S.C میں کالج میں داخلہ لیا تھا لیکن وہ ابھی تک مکمل نہیں ہورہی اس بارے میں ایک شخص نے کہا تھا میرے والد صاحب کو کہ جب کرے گا آپ کا بیٹا تو ہم دیکھیں گے اس وقت سے لے کر آج تک ناکام ۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کوئی چیز غیر محسوس طریقہ سے منع کرتی ہے اس لیے آپ بتائیں کہ اگر انسان کوئی بھی کام شروع کرے اور وہ ہو بھی درست لیکن ناکامی ہو ہر بار اس کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے کیونکہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اس لیے براہ کرم اس کا بھی کوئی حل بتائیں ؟ عتیق الرحمن 28/11/98

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ہر نماز کے بعد آخری تین قل پڑھا کریں 3 نیز یہ دعا کثرت سے پڑھتے رہا کریں ''اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ ا ِاللّٰہِ التَّامَّةِ مِن کُلِّ شَیطَانٍ وَّہَامَّةٍ وَمِن کُلِّ عَینٍ لاَمَّةٍ''[میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ پکڑتا ہوں ہر شیطان سے اور زہریلے جانور سے اور ہر لگ جانے والی نظر سے]4 ۲۰/۸/۱۴۱۹ھ

3[ابوداؤد۔ ابواب الوتر۔ باب فی الاستغفار]4[بخاری۔ کتاب احادیث الانبیاء حدیث ۳۳۷۱]

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01ص498